# 09-11-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک میں مقننّہ عاملہ کے ساتھ ساتھ عدلیہ بھی آزادانہ طور پر خدمات انجام دے رہا ہے۔

۲۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست میں آئی ٹی اور فارما شعبوں کی مزید ترقی کیلئے جامع منصوبہ بندی پر عمل آوری کی جائے گی۔

۳۔ حیدرآباد جوبلی ہلز اسمبلی حلقہ کے ضمنی انتخاب کی مہم کا 6 بجے اختتام۔

۴۔ حیدرآباد سٹی کمشنر پولیس سجنار نے کہا ہے کہ آن لائن میں اور ایپس پر سرمایہ کاری سے قبل احتیاط برتی جائے۔

By Election

حیدرآباد جوبلی ہلز اسمبلی حلقہ کے ضمنی انتخاب کی انتخابی مہم اب سے کچھ ہی دیر میں یعنی 6 بجے اختتام کو پہنچے گی۔ اس مہینہ کی 11 تاریخ کو پولنگ ہوگی اور 14 تاریخ کو نتائج جاری کردئے جائیں گے۔ ضمنی انتخاب میں جملہ 58 امیدوار میدان میں ہیں۔ حلقہ میں انتخاب کیلئے 407 پولنگ مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ پولیس کے مطابق یہاں کے 139 علاقوں میں ڈرونس کے ذریعہ موثر نگرانی کی جارہی ہے۔ پولنگ مراکز کے پاس موثر سیکورٹی انتظامات کئے گئے ہیں۔ اسی طرح جی ایچ ایم سی کے مرکزی دفتر میں کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے۔

Cyber Crime :

سائبر سیکورٹی بیورو کی جانب سے آندھرا پردیش، ٹاملناڈو، کیرالا، مہاراشٹرا اور کرناٹک ریاستوں میں خصوصی سرچ آپریشن انجام دیا گیا۔ اس آپریشن کے دوران پولیس نے جملہ

81 سائبر دھوکہ بازوں کو گرفتار کرلیا۔ پکڑے جانے والوں میں 17 ایجنٹس اور 7 خواتین بھی شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق ملزمین کے خلاف 754 مقدمات درج ہیں اور وہ 95 کروڑ کی دھوکہ دہی میں ملوث پائے گئے۔ پولیس نے ان کے پاس سے 84 سل فونس، 101 سم کارڈس، 89 بینک چک بکس ضبط کر لئے۔

CP Sajjanar

حیدرآباد سٹی کمشنر پولیس سجنار نے کہا ہے کہ آن لائن میں اور ایپس پر سرمایہ کاری سے قبل احتیاط برتی جائے۔ انہوں نے سائبر کرائم کی روک تھام کیلئے سٹی پولیس کی جانب سے منعقدہ شعور بیداری پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سائبر دھوکہ بازوں کے جھانسہ میں آ کر کئی افراد کروڑوں روپیوں کا نقصان اٹھارہے ہیں۔ اے پی کے فائلز کے ذریعہ دھوکہ دہی کے کئی واقعات پیش آرہے ہیں۔ کمشنر پولیس نے مشورہ دیا کہ سائبر دھوکے بازوں کے ذریعہ رقم سے محروم ہونے والے متاثرین فوری طور پر 1930 پر فون کر کے شکایت درج کرائیں۔

Revanth Reddy

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست میں آئی ٹی اور فارما شعبوں کی مزید ترقی کیلئے جامع منصوبہ بندی پر عمل آوری کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملہ میں چندرا بابو نائیڈو اور وائی ایس راج شیکھر ریڈی کے دور میں کروائی گئی ترقیاتی پالیسیوں کو ان کی حکومت برقرار رکھے گی۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ سال 2034ء تک ریاست میں کانگریس پارٹی اقتدار میں رہے گی۔ انہوں نے حیدرآباد پریس کلب کے زیراہتمام منعقدہ صحافت سے ملاقات پروگرام میں شرکت کی۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ سابق میں کانگریس حکومت کی جانب سے کیئے گئے فیصلوں کی وجہ سے ہی حیدرآباد ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ انہوں نے یہ بھی

کہا کہ سال 2004ء اور 2014ء کے درمیان ریاست اور مرکز میں کانگریس دور حکومت میں تلنگانہ کی ترقی کیلئے اقدامات کئے گئے۔ انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ سابق بی آر ایس حکومت میں تعلیم، طب اور زراعت جیسے اہم شعبوں کو نظر انداز کر دیا گیا۔

Sound Byte.

D. Sridhar Babu

ریاستی وزیر سریدھر بابو نے بتایا کہ ریاست کے معاشی نظام میں تفریحی شعبہ اہم طاقت میں تبدیل ہوا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ناظرین کو مسلسل تفریح فراہم کرنے والے ٹیلی ویژن ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے ان کی حکومت پابند عہد ہے۔ ریاستی وزیر نے آج حیدرآباد کے بیگم پیٹ ٹورازم پلازہ میں ٹیلی ویژن فورم کے تہنیتی اجلاس میں شرکت کی۔ تقریب میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شریدھر بابو، پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ حاضر ہوئے۔ انہوں نے تیقن دیا کہ ٹیلی ویژن کے تفریحی شعبہ کو مزید فروغ دیا جائے گا اور ٹیلی ویژن ورکرس کی حکومت ہر طرح سے مدد کرے گی۔

Atmanirbhar Bharat

مرکزی حکومت کی جانب سے غریب کلیان اَن یوجنا اسکیم کا آغاز 26 مارچ 2020ء کو کیا گیا جس کا مقصد آتمانربھر بھارت کے حصہ کے تحت ہجرت کرنے والوں اور غریب افراد کو مفت غذائی اجناس کی فراہمی ہے۔ اِس اقدام کے ذریعہ ملک بھر کے غریب افراد کو فوڈ سیکورٹی فراہم ہوتی ہے۔ راجنا سرسلہ ضلع سے تعلق رکھنے والے ایم شیکھر نے اس بات پر مسرت کا اظہار کیا کہ اس اسکیم کے ذریعہ ہر ماہ انہیں مفت راشن کے چاول سربراہ ہو رہے ہیں۔

Sound Byte.

Open School

تلنگانہ اوپن اسکول جوائنٹ ڈائرکٹر ایم سومی ریڈی نے کہا ہے کہ تعلیم سے دلچسپی رکھنے والے طلبہ، ملازمین اور گھریلو خواتین اوپن اسکول کے سنہرے موقع سے فائدہ اٹھائیں۔ ناگرکرنول ضلع پریشد بوائز ہائی اسکول اور ضلع پریشد گرلز ہائی اسکول کے علاوہ گورنمنٹ جونیر کالج میں جاری دسویں جماعت اور انٹرمیڈیٹ اوپن اسکول اسٹیڈی سنٹرس کے کلاسس کا انہوں نے معائنہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کے اس طریقہ کار کو ریاستی اور مرکزی حکومت کی مسلمہ حیثیت حاصل ہے اور ان امتحانات میں کامیاب ہونے والے تمام مسابقتی امتحانات اور ملازمتوں کیلئے اہل ہیں۔

Modi

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک میں مقنّنہ عاملہ کے ساتھ ساتھ عدلیہ بھی آزادانہ طور پر خدمات انجام دے رہا ہے۔ انہوں نے آج نیشنل لیگل سرویس اتھاریٹی ڈے کے موقع پر وزیر اعظم نے کہا کہ لوک عدالتوں کے ذریعہ ثالثی کے طریقہ کار کے تحت لاکھوں افراد کو فائدہ پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کے ذریعہ عاجلانہ اور کم خرچ کے ذریعہ مسائل کی یکسوئی ہو رہی ہے۔ وزیر اعظم نے بتایا کہ مرکزی حکومت کی جانب سے متعارف کردہ لیگل ایڈ ڈیفنس کونسل کے طریقہ کار کے تحت گزشتہ تین سال میں آٹھ لاکھ فوجداری مقدمات کی یکسوئی ہوئی ہے۔ وزیر اعظم نے بتایا کہ لیگل سرویس اتھاریٹی کے ذریعہ پسماندہ اور غریب طبقہ کے افراد کو قانونی مدد فراہم ہو رہی ہے۔

Sound Byte.

Bhadradri kothagudem

کوتہ گوڑم باراسوسی ایشن کے صدر ایل ستیہ نارائنا نے سماج کے پسماندہ طبقات اور جسمانی طور پر متاثرین، قانون امداد کے موقع سے مستفید ہو۔نیشنل لیگل سرویس اتھاریٹی ڈے کے موقع پر انھوں نے آج ضلع بھدرادری کوتہ گوڑم پالونچا میں جسمانی طور پر متاثرین کی کالونی میں منعقدہ قانونی شعور بیداری پروگرام میں شرکت کی۔ اس موقع پر انھوں نے کہا کہ لیگل سرویس ڈے کا اہم مقصد معاشی، سماجی طور پر کمزور یا دیگر وجوہات کی بنا پر قانونی امداد حاصل نہ کرپانے والوں کو مفت قانونی خدمات کی فراہمی سے متعلق واقف کروانا ہے۔

Bandi Sanjay

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے حیدرآباد کرکٹ اسوسی ایشن میں جونیر اور سینئر کھلاڑیوں کے سلیکشن کے معاملہ پر عدم اطمینان کا اظہار کیا ہے۔انھوں نے ایچ سی اے کو مشورہ دیا کہ دیہی سطح کے کھلاڑیوں کو مواقع فراہم کئے جائیں اور کھلاڑیوں کے انتخاب میں شفافیت اختیار کی جائے۔

Weather

محکمہ موسمیات کے مطابق پچھلے چوبیس گھنٹوں کے دوران ریاست میں اقل ترین درجہ حرارت میں کمی آئی۔کل اور پرسوں بھی یہی صورتحال برقرار رہنے کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔

Hyderabad Terrorist

گجرات اینٹی ٹریزم اسکواڈ نے ملک کے بعض مقامات پر دہشت گرد حملوں کی سازش اور اسلحہ کی سربراہی کے الزام میں تین مشتبہ افراد کو حراست میں لے لیا۔عہدیداروں کے مطابق پکڑے جانے والوں میں حیدرآباد سے پکڑے جانے والا سید احمد محی الدین بھی شامل ہے۔

OO